# Grenfell Tower community update: October 2025 – Urdu / اردو

**گرینفیل ٹاور کمیونٹی اپ ڈیٹ - اکتوبر 2025**

ہمیں احساس ہے کہ گرینفیل ٹاور اس سانحے سے سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والوں کے لئے انتہائی ذاتی اہمیت رکھتا ہے اور یہ زمین فیملیز کے لئے مقدس ہے۔ ہم آپ کو گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے کام سے باخبر رکھنا چاہتے ہیں۔

اس اپ ڈیٹ میں آپ کو ذیل کے بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں:

- **شور، دھول اور وائبریشن کی نگرانی کی معلومات**
- **صحت اور بہبود کی معاونت**
- **آپ ہم سے کیسے بات کر سکتے ہیں**

آپ ذیل پر گزشتہ اپ ڈیٹس دیکھ سکتے ہیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates

## شور، دھول اور وائبریشن کی نگرانی کی معلومات

حکومت یہ یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے کہ گرینفیل ٹاور کے مقام پر ہونے والا تمام کام اعلی ترین معیارات کے مطابق ہو۔ کمیونٹی اور مقام پر کام کرنے والے لوگوں کا تحفظ اور بہبود ہماری ترجیح ہے۔

ستمبر میں ہم نے تفصیلی منصوبوں کا اشتراک کیا جن میں بتایا گیا کہ ہم ہوا کے معیار اور شور کی سطح کی نگرانی کیسے کر رہے ہیں۔ آپ ذیل پر ان کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں اور منصوبے دیکھ سکتے ہیں:
گرینفیل ٹاور: کمیونٹی اپ ڈیٹ ستمبر 2025 - GOV.UK

ٹاور کے مقام پر وائبریشن کے تین مانیٹرز اور ہوا کے معیار کے پانچ مانیٹرز ہیں اور مقام کی حدود پر شور کے تین مانیٹرز ہیں، یہ سب براہ راست ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں۔

ہم ان مانیٹرز کے ڈیٹا کا اشتراک کر رہے ہیں تاکہ آپ ہمارے کام کا اثر سمجھ سکیں۔ اس ڈیٹا میں دکھایا جائے گا کہ آیا طے شدہ سطحوں سے تجاوز ہوا ہے اور اگر ایسا ہوا ہے تو اس کی وجہ کیا تھی اور ہم اس کے لئے کیا کر رہے ہیں۔

ہم ہر مہینے یہ ڈیٹا شائع کریں گے۔ ہر اپ ڈیٹ پچھلے مہینے کے نتائج دکھائے گی۔

شور، دھول اور وائبریشن کی نگرانی کی حالیہ ترین رپورٹس 1 ستمبر سے 28 ستمبر 2025 کی ہیں۔

شور کی نگرانی کی رپورٹ - 1 ستمبر سے 28 ستمبر 2025

دھول کی نگرانی کی رپورٹ - 1 ستمبر سے 28 ستمبر 2025

[وائبریشن کی نگرانی کی رپورٹ - 1 ستمبر سے 28 ستمبر 2025]

اس کے علاوہ، یوکے ہیلتھ سکیورٹی ایجنسی (UK Health Security Agency, UKHSA) اس کام کی انجام دہی کے دوران گرینفیل ٹاور کے ارد گرد کے علاقے میں ہوا کے معیار کا تجزیہ اور نگرانی جاری رکھے گی. وہ ہر مہینے رپورٹس کا اشتراک کرتے رہیں گے۔ آپ یہاں تازہ ترین رپورٹ پڑھ سکتے ہیں: [گرینفیل ٹاور کی آگ کے بعد ماحولیاتی نگرانی - GOV.UK]

**اگر آپ کو صحت اور بہبود کی معاونت درکار ہے**

ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے مکمل عمل کے دوران سوگوار فیملیز، سروائیورز اور نزدیکی کمیونٹی کے رہائشیوں کے لئے جذباتی و جسمانی بہبود کی معاونت دستیاب رہے گی۔

اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- گرینفیل بہبود کی سروس (Grenfell Wellbeing Service) کو 020 8637 6279 پر کال کریں (ہر روز صبح 8 تا رات 8 بجے)
- ہنگامی صورتحال میں سنٹرل اینڈ نارتھ ویسٹ لندن NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ ( Central and North West London NHS Foundation Trust, CNWL) کی مرکزی رہنمائی و مشاورت لائن سے ذیل پر رابطہ کریں:
  0800 0234 650 (یہ دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے سات دن کھلی ہوتی ہے)
- ای میل: grenfell.wellbeingservice@nhs.net
- مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfellwellbeing.cnwl.nhs.uk

دستیاب خدمات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfell.nhs.uk۔

**ہم سے کیسے بات کی جائے یا مزید معلومات کیسے حاصل کی جائیں**

ہم اس طریقے سے معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں جو آپ کے لئے کارآمد ہو۔ ہم آئندہ مہینوں میں ذیل پر باقاعدگی سے اپ ڈیٹس اور معلومات کا اشتراک جاری رکھیں گے:
www.gov.uk/grenfell-community-updates اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کو براہ راست ای میل پر باقاعدہ اپ ڈیٹس بھیج سکتے ہیں۔

اس کام پر تبادلۂ خیال کرنے، خدشات کا اشتراک کرنے اور سوالات پوچھنے کے لئے آپ ہماری باقاعدہ میٹنگز میں عہدیداران اور ہمارے مرکزی ٹھیکے دار DUK سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کے لئے آسان اور آرام دہ وقت، تاریخ اور مقام پر آپ کے ساتھ انفرادی یا گروہی طور پر بات کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔

اگر اس کام کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں یا ہم سے گفتگو کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ آپ ہم سے ذیل پر بذریعہ ای میل رابطہ کر سکتے ہیں:
GrenfellTowerSite@communities.gov.uk

گرینفیل ٹاور کی تازہ ترین خبروں اور ای میل اطلاعات کی خاطر سائن اپ کرنے کے لئے براہ مہربانی ذیل پر جائیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates یا درج ذیل کیو آر کوڈ اسکین کریں۔

ہم آپ سے جاننا چاہیں گے کہ آپ گرینفیل ٹاور کے سانحے کے متعلق ہمارے کام کی اپ ڈیٹس کیسے وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپ ہمارا مختصر رائے دہی کا فارم مکمل کر کے اپنے نظریات کا اشتراک کر سکتے ہیں:

گرینفیل (Grenfell) کمیونٹی: مواصلات پر رائے دہی کا فارم - GOV.UK